## EFU LIFE ASSURANCE LTD.

EFU Life House, Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan
Fax: (021) 3453-7519 Email:csd@efuhemayahtakaful.com

Registered Office: Al-Malik Centre 70 W, F-7/G-7 Jinnah Avenue,
(Blue Area) Islamabad, Phone: 051 - 2820989

(021) 111-338-436 (111-EFU-HEM) efuhemayahtakaful.com EFUHEM 9898




HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL



# HEMAYAH TAKAFUL SAVINGS PLAN

*Hemayah – Aap ki Khushiyon ka Saibaan!*



# Secure your dreams,
# Brighten Your Tomorrow

*EFU Life introduces its range of Family Takaful products under "Hemayah" - a dedicated Shariah Compliant Window Takaful brand. Hemayah is derived from its root in Arabic and signifies the "protection" that is offered by EFU Life's Family Takaful products to support you and your family's future, at every step of your life.*

## Hemayah Takaful Savings Plan:

Life - bestowed upon us - is the greatest divine gift of all. Imagine a life that gives you the opportunity to fulfil all your dreams - dreams that are your very own assets, driving you to plan your life the way you want. Whether it is your career, marriage, children's education, buying a house, starting a business or your retirement, planning for the future is the key to success. At each step of life, you require a financial planning tool that can fulfil your and your family's needs and can act as a smart financial tool no matter what uncertainty life unfolds.

**Hemayah Takaful Savings Plan** is a Shariah Compliant Takaful and an investment-linked takaful product that provides you valuable coverage as well as the opportunity to accumulate savings on a medium to long term basis.
term basis.

## Disclosure of Product:

**This is a Family takaful product which has two distinct elements i.e., Protection and Investment. The Investment Component is linked to the performance of underlying assets under unit linked fund(s).**

## Free Look Period:

**If you decide to cancel your membership within fourteen days of receiving the membership document, you are entitled for a full refund of Contribution as a benefit less any expenses incurred by EFU Life - WTO in connection with our medical or clinical examinations.**


## What is Takaful?

Takaful is a Shariah compliant way of safeguarding yourself and your family against future financial losses. Individuals in the community come together for a common purpose and contribute into a Waqf Fund operated by a Takaful Operator to protect themselves against future financial losses. A Family Takaful Plan assists participants to share their risk on the basis of cooperation, brotherhood, mutuality and solidarity for a common good.

## How does the Takaful Membership Operate?

Hemayah Takaful Savings Plan can be easily customised to suit your specific needs. You can decide on the level of takaful protection and investment which is in line with your long term financial planning goals.

The following pictorial representation summarises how your Takaful membership will operate with EFU Life:







## Surplus Sharing - *A Unique Feature Of Takaful*:

Takaful offers a unique feature of Surplus Sharing to the Participants in addition to risk mitigation benefits. By contributing Tabarru (donation) into the Participants' Takaful Fund (PTF), the participant may be entitled to a share of possible surplus funds. At the end of each year, EFU Life will determine the surplus in the PTF based on the method approved by the Shariah Advisor and Appointed Actuary.

A part of the surplus may be distributed back to the participant in the form of Bonus Units through additional unit allocation in the Participant's Investment Account (PIA). These Bonus Units will enhance the Cash Value of your Takaful plan.

## Opportunity For Growth – *Shariah Compliant Investments*:

All available funds are categorized with their risk profiling as per the investment criteria.

| Funds | | |
|---|---|---|
| EFU Takaful Growth Fund | EFU Takaful Conservative Fund* | EFU Takaful Aggressive Fund |
| Fund Categorization: Balanced | Fund Categorization: Income Fund | Fund Categorization: Aggressive |
| Risk Profile: Medium | Risk Profile: Low | Risk Profile: High |
| A unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-Compliant investments. The objective of the fund is to maximize capital growth by investing in a portfolio spread across a wide range of investments such as Islamic mutual funds, approved equities, term deposits in Islamic Banks, and Sukuk Bonds. | EFU Takaful Conservative Fund has a conservative investment allocation strategy and low risk. This is a unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-compliant government securities, non-equity Shariah compliant mutual funds, Shariah-compliant short-term deposits, and cash in Islamic banks or Islamic windows of conventional banks. The fund aims to provide stable investment returns with minimal risk and is suitable in times of the volatile stock market. | A unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-Compliant investments, aimed at maximizing capital growth by using investments with an aggressive market outlook. |

### Multiple Fund Option:

Under this option you have a facility to select a mix of two unit linked funds of the plan. Fund mix can be selected in multiples of 10%.

*EFU Takaful Conservative Fund to be selected by default

## Access To Your Savings – Complete And Partial Surrender:

Nobody can predict the future. If your circumstances change and you require funds during the Membership Term, you can encash your Plan for the total cash value in the PIA at any time after the second year's regular contribution payment. WTO will charge another Wakalat-ul-Istismar fee which would be equivalent to 50% of cash value at the time of surrender before payment of two full-year contribution.

Alternatively, you may just want a small portion of the capital you have built up; the Plan gives you the facility to make a partial withdrawal at any time whilst continuing to make contributions and keeping the plan in force. Please note that this facility is subject to a minimum of Rs. 40,000 remaining as Basic Cash value after such withdrawals.

## Takaful benefits – *The Essence Of Mutual Cooperation*:

### Death Benefit:

The moment you start your membership with the Hemayah Takaful Savings Plan, you will benefit from the guaranteed level of takaful protection. This means that in the unfortunate event of death during the Membership Term, the takaful benefit will be payable as follows:

**The Sum at Risk from the Participants' Takaful Fund (PTF)**

*Plus*

**The Basic Cash Value of Participant's Investment Account (PIA)**

*Plus*

**The Cash Value from Fund Acceleration Contributions in the Participant's Investment Account (PIA)**

(The Sum at Risk is equal to the Sum Covered less Basic cash value in the PIA).

### Maturity Benefit:

At the end of the Membership Term and whilst the Participant is alive, the maturity benefit will be payable as follows:

**The Basic Cash Value of Participant's Investment Account (PIA)**

*Plus*

**The Cash Value from Fund Acceleration Contributions in the Participant's Investment Account (PIA)**

## Additional Benefits – *Enhance The Takaful Protection*:

The Plan offers various additional benefits which may be attached to it to enhance the takaful protection. These riders are:

### Additional Term Takaful:

This rider increases the level of Takaful cover by providing an additional amount in case of death.

### Takaful Family Income Benefit:

This rider ensures that a monthly income is paid to the family in case of the unfortunate death of the Participant during the plan term.

### Takaful Accidental Death Benefit:

This rider provides an additional lump sum benefit on accidental death.

### Takaful Accidental Death and Disability Benefit:

This rider provides an additional lump sum benefit in case of accidental death or disability.

### Takaful Accidental Death And Disabilty Benefit Plus:

In case of accidental death or disability (including Permanent Total Disability) of the Participant, this rider provides an additional lump sum benefit.

### Waiver Of Contribution:

In case of disability of the Participant due to sickness or accident, this rider waives the contribution of the plan.

### Takaful Life care Ehanced Benefit:

EFU Life-WTO has pioneered critical illness cover in Pakistan which provides a cash sum upon the diagnosis or occurrence of the following 20 critical illnesses:

- Myocardial Infarction (Heart Attack)
- Coronary Artery/By-Pass Surgery
- Cancer
- Stroke
- Renal Failure (Kidney Failure)
- Major Organ Transplant
- Paralysis
- Blindness
- Multiple Sclerosis
- Deafness (Loss of hearing)
- Benign Brain Tumor
- Coma
- Major Head Trauma
- Loss of Limbs
- Loss of Speech
- Heart Valve Surgery
- Surgery to Aorta
- Serious Coronary Artery Disease
- End-Stage Lung Disease
- Angioplasty and other invasive treatments for coronary artery disease

The cash sum provided by Takaful Life Care Enhanced Benefit can be used as you wish e.g., to pay for the specialized care or treatment, investment for a regular income, or to pay off a house or business loan.

Under Takaful Life Care Enhanced Benefit, the Sum Covered payable on diagnosis is an additional payment. This means that your basic policy continues even if you have been paid the cash sum under this benefit. This benefit is available up to age 50 and for a maximum cover of Rs. 750,000.

**Note: Only one of the two accidental supplementary benefits may be selected.*

## Important Details:

### Eligible Age And Term:

The product is available to anyone between the ages of 18 to 65 years. The minimum / maximum membership term will be as follows:

| Age at Entry | Membership Term |
|---|---|
| 18-60 | 10-40 years, subject to max age of 70 years at maturity |
| 61-65 | 10 years |

### Contribution:

The minimum Basic Plan contribution is Rs.40,000 p.a. There is no maximum limit.

### Fund Acceleration Contributions:

In case the Participant has extra funds available, the Plan provides the flexibility to invest these to provide a boost to savings. These lump sum contributions are called Fund Acceleration Contributions (FAC) and can be paid anytime while the policy is in-force. Units against the FAC will be credited to the PIA.

The minimum FAC payment is PKR 40,000 per payment.

100% of FAC payments are allocated to purchase units in the selected fund.

### Inflation Protection:

This option gives you the security and peace of mind of knowing that the takaful benefits.

provided by your Plan will be automatically updated every year regardless of your health. Under this option, the Regular Contribution and Sum Covered of the Plan, including that applicable to the Additional Benefits attached to it if any, may be increased by 5% on every Membership Anniversary.

This benefit is only available until 55 years of age, provided you were accepted on standard terms initially. You may waive your rights to this option at any time but subsequent reinstatement will be subject to medical evidence.

## Unit Allocation:

| Policy Year | Unit Allocation% | Allocation Charges * |
|---|---|---|
| 1 | 40% | 60% |
| 2 | 75% | 25% |
| 3 | 80% | 20% |
| 4 to 5 | 100% | 0% |
| 6 to 10 | 103% | 0% |
| 11 + | 105% | 0% |

***An allocation Charges will be deducted from the Paid Contribution every year as per the above table and the remainder will be allocated to the PIA.**

## Maturity Bonus:

At maturity, if all contributions have been paid, a one-time Maturity Bonus in the form of extra unit allocation (depending on the Membership Term) will be added to the final cash value.

| Membership Term | Bonus Allocation as percentage of Average Annual Regular Contributions |
|---|---|
| 15 – 19 | 15% |
| 20 – 24 | 20% |
| 25 – 29 | 30% |
| 30 – 34 | 40% |
| 35 – 40 | 50% |

## Charges:

Following charges apply on the Basic Takaful Plan based on the principle of Wakalat-ul-Istismar:

| Charges | Rate / PKR |
|---|---|
| Administration Charge | Rs.2160 per annum |
| Investment Management Charges | 0.125 % of the net contribution per month |
| Bid/Offer Spread | 5% of the net contribution |
| Allocation charges | As per the above Unit Allocation table |
| Takaful Donation (Waqf Donation) | An age - basedTakaful Donation applies for the Takaful cover each year and is dependent on the sum at risk. No Takaful Donation charges applies in years where cash value exceeds sum covered. |
| Additional Wakalat-ul-Istismar fee | An additional Wakalat-ul-Istismar fee equivalent to 50% of the total cash value will be charged in case of surrender before payment of two full-year contributions. |

**Wakala Charge from Waqf Fund: 50% of the Takaful donation**

## Sum Covered:

The Sum Covered is determined as the Basic Plan Contribution times the "Protection Multiple" based on the age at entry of the Participant.

| Age at Entry | Protection Multiple | |
|---|---|---|
| | Minimum | Miximum |
| 18-35 | 5 | 75 |
| 36-40 | 5 | 50 |
| 41-49 | 5 | 35 |
| 50-60 | 5 | (70 minus age) |
| 61-65 | 5 | 5 |

**For term greater than 15 years**

| Age at Entry | Protection Multiple | |
|---|---|---|
| | Minimum | Miximum |
| 18-35 | 5 | 75 |
| 36-40 | 5 | 50 |
| 41-44 | 5 | 35 |
| 45-49 | 5 | 20 |
| 50-54 | 5 | (65 minus age) |

## Disclaimer:

- This product is underwritten by EFU Life – Window Takaful Operations, hence EFU Life is responsible for all underwriting risk.
- Arrangement of all Takaful Claims, charges and payments relating to the Takaful Policies shall be the sole and exclusive responsibility of EFU Life.
- The past performance of fund is not necessarily a guide to future performance. Any forecast made is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and EFU Life will not incur any liability for the same.
- The investment risk of the selected Fund shall be borne by the participant.
- A description of how the contract works is given in the Participant's Membership Document.
- Please contact our Head Office or Takaful Consultant for a personalized illustration of benefits.

efu LIFE

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم الله الرحمن الرحيم

# CERTIFICATE OF SHARIAH COMPLIANCE

### FOR EFU LIFE ASSURANCE LTD – WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

In the capacity of Shariah Advisor of EFU Life Assurance Ltd – Window Takaful Operations, I certify that I have reviewed the structure of **Hemayah Takaful Savings Plan** which is based on the Wakalah-Waqf Takaful model. I have also examined all relevant processes and documents including the Participant's Membership Document. In addition, I have reviewed in detail the investments with regard to all Takaful Funds.

Based on Shariah rulings and to the best of my knowledge and belief, the **Hemayah Takaful Savings Plan** of EFU Life Assurance Ltd – Window Takaful Operations, investments of all Takaful Funds, relevant documents and processes are compliant from all aspects of Shariah.

In my opinion, it is permissible from the Shariah point of view to obtain Membership in this product and benefit from it.

And Allah Knows Best.

Mufti Muhammad Ibrahim Essa
Shariah Advisor

مفتی
محمد ابراہیم عیسی
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

ای ایف یو لائف - ونڈو تکافل آپریشنز



# حمایہ تکافل سیونگز پلان

حمایہ - آپ کی خوشیوں کا سائبان!


## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th، اسٹریٹ، فیز ون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔
فیکس: 7519-3453 (021) ای میل: csd@efuhemayahtakaful.com

رجسٹرڈ آفس: الملیک سینٹر 70-W، ایف-7 / جی-7 جناح ایونیو، (بلواریا) اسلام آباد، فون: 051-2820989

# اپنے خوابوں کی تکمیل کریں

## اپنے مستقبل کو روشن بنائیں



EFU لائف "حمایہ" کے زیرِاہتمام فیملی تکافل پروڈکٹس کی ایک نئی رینج متعارف کررہا ہے۔حمایہ شرعی تقاضوں کے مطابق ایک ونڈو تکافل برانڈ ہے۔حمایہ عربی زبان سے ماخوذ ہےجس کے معنی"تحفظ" کے ہیں۔یہ EFUلائف کے فیملی تکافل پروڈکٹس کی جانب سے پیش کیا گیا ہے تاکہ آپ اور آپ کے خاندان کا مستقبل ہرلحہ محفوظ رہے۔

## حمایہ تکافل سیونگز پلان:

**حمایہ تکافل سیونگز پلان** شرعی تقاضوں کے مطابق ایک تکافل انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ ہے جو آپ کو ایک بہترین تکافل کوریج فراہم کرتا ہے اور یہی نہیں بلکہ درمیانی اور طویل المدت بنیاد پر بچت میں اضافے کا موقع بھی فراہم کرتی ہے۔ہمیں عطا کی گئی زندگی قدرت کا ایک بہت بڑا انعام ہے۔ اگر آپ ایسی زندگی کا تصور کریں جو آپ کو اپنے خوابوں کی تکمیل کرنے کا موقع فراہم کررہی ہے،وہ خواب جو آپ کا ذاتی اثاثہ ہیں،جو آپ کو اپنی من پسند زندگی کے حصول کے لئے منصوبہ بندی کی جانب راغب کرتے ہوں، خواہ یہ آپ کا کیرئیر،شادی، بچوں کی تعلیم ،گھر کی خریداری،کاروبار کی شروعات یا آپ کی ریٹائرمنٹ ہو،مستقبل کی منصوبہ بندی ہی کامیابی کا زینہ ہے۔زندگی کے ہر مرحلے پر آپ کو مالی منصوبہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے۔ایک ایسی منصوبہ بندی جو آپ اور آپ کے خاندان کی ضروریات پوری کرسکے اور غیر یقینی و نامساعد حالات میں بھی ایسا مالی تحفظ فراہم کرسکے جو آپ کو مالی طور پر مستحکم رکھے۔

## پروڈکٹ کا اظہار:

**اس فیملی تکافل پروڈکٹ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: تکافل کا تحفظ اور سرمایہ کاری سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں مو جود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

## غوروفکر کا دورانیہ (فری لک پیریڈ):

**اگر آپ میمبر شپ دستاویز کی وصولی کے چودہ دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشیز بطور فائدے کے طبی یا کلینکل معائنہ کے سلسلے میں پیش آنے والے اخراجات منہا کر کے کنٹریبوشن کے مساوی رقم کی ادائیگی کا انتظام کرے گی**


## تکافل کیا ہے؟

تکافل دراصل شرعی تقاضوں کے تحت مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے آپ اور آپ کے خاندان کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔کمیونٹی کے افراد مشترکہ مقاصد کے لئے یکجا ہوتے ہیں اور مستقبل میں ہونے والے نقصانات سے خود کو محفوظ رکھنے کے لئے وقف فنڈ میں رقم جمع کرتے ہیں جو کہ تکافل آپریٹر کے زیر نگرانی کام کرتا ہے۔فیملی تکافل پلان باہمی تعاون، بھائی چارے اور یکجہتی کی بنیاد پر شرکاء کی مشترکہ مقاصد کے لئے معاونت کرتا ہے۔

## تکافل ممبر شپ کا عملی طریقہ:

حمایہ تکافل سیونگز پلان آپ کی مخصوص ضروریات کے مطابق منتخب کیا جا سکتا ہے۔آپ تکافل پروٹیکشن کا فیصلہ مطلوبہ ضرورت اور سرمایہ کاری کی بنیاد پر کرسکتے ہیں، جو آپ کی طویل المدت مالی اہداف کے حصول پر پورا اترتی ہو۔

درج ذیل تصویری خاکے میں اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ تکافل ممبر شپ کس طرح ای ایف یو لائف ڈبلوٹی او کے ساتھ آپریٹ ہوتی ہے:






## سرمائے کی نشوونما کے مواقع شرعی تقاضوں کے مطابق سرمایہ کاری:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

| فنڈ | | |
|---|---|---|
| **ای ایف یو تکافل گروتھ فنڈ** | **ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ*** | **ای ایف یو تکافل ایگریسو فنڈ** |
| فنڈ کی قسم: متوازن | فنڈ کی قسم: انکم فنڈ | فنڈ کی قسم: ایگریسو |
| رسک پروفائل: درمیانی | رسک پروفائل: کم | رسک پروفائل: زیادہ |
| یہ یونٹ سے منسلک ایک شرکاء تکافل سرمایہ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔ فنڈ کا مقصد ایک پورٹ فولیو کے پھیلاؤ میں سرمایہ کاریوں کی ایک وسیع رینج میں جیسے کہ اسلامک میوچل فنڈز، منظور شدہ مالی ایکوٹیز، اسلامی بینکوں میں ٹرم ڈپازٹ اور صکوک بانڈز جیسی اسکیموں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر کے حاصل شدہ سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ | ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ سرمایہ کاری کی تخصیص کی ایک محتاط حکمت عملی رکھتا ہے اور اس میں کم خطرہ شامل ہوتا ہے۔ یہ شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز، شریعت کے مطابق غیر ایکوٹی میوچل فنڈز، شریعت کے مطابق قلیل المدت ڈپازٹس، اسلامی بینکوں میں یا مروجہ بینکوں کی اسلامک ونڈوز میں دی جانے والی حدمات میں نقد پر مشتمل یونٹ سے منسلک شرک تکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے۔ | یہ یونٹ سے منسلک شرکاء تکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاری پر مشتمل ہے۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ |

### مختلف فنڈ کا انتخاب (ملٹپل فنڈ آپشن):

اس آپشن کے تحت آپ پلان کے یونٹ سے منسلکہ 2 فنڈز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ان فنڈز کا 10 فیصد کے ملٹپلز میں انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

***ای ایف یو کنزرویٹو فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## سرپلس شیئرنگ۔ تکافل کی ایک منفرد خصوصیت:

تکافل خطرات کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ شرکاء کو سرپلس شیئرنگ کی منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے۔ پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں بطور تبرّع رقم جمع کروا کر ممکنہ سرپلس کے حصے کا حقدار ہوسکتا ہے۔ ہر سال کے اختتام پر ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریٹر پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں موجودہ رقم کا تعین کرے گی جو کہ شریعہ ایڈوائزر اور مقرر ایکچوری کی جانب سے منظوری کی بنیاد پر ہوگا۔ سرمائے کا ایک حصہ آپ کے پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (پی آئی اے) میں اضافی یونٹ ایلوکیشن کے ذریعے بونس یونٹس کی صورت میں آپ کو دیا جاسکتا ہے۔ یہ بونس یونٹس آپ کے تکافل پلان کی کیش ویلیو میں اضافہ کریں گے۔

## بچتوں تک آپ کی رسائی۔ مکمل اور جزوی دستبرداری:

مستقبل کے بارے میں کوئی پیشین گوئی نہیں کرسکتا۔ اگر آپ کے حالات بدل جاتے ہیں اور آپ کو رکنیت کی مدت کے دوران فنڈز کی ضرورت پڑ جائے تو آپ دوسرے سال کے باقاعدہ کنٹریبیوشن کی ادائیگی کے بعد کسی بھی وقت پی آئی اے (شرکت کنندہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ) میں موجود کُل نقد رقم کے لئے اپنا پلان بھنوا سکتے ہیں۔ ونڈو تکافل آپریٹر ایک اور وکالۃ الاستثمار فیس وصول کرے گا جو دو مکمل سالوں کے کنٹریبیوشن کی ادائیگی سے قبل دستبرداری کے وقت نقد مالیت کے 50 فیصد کے مساوی ہوگی۔

بہ صورت دیگر، اگر آپ اپنے سرمائے میں سے جس میں اضافہ ہوگیا ہو، ایک مختصر حصہ لینا چاہتے ہوں، تو پلان آپ کو کنٹربیوشنز کی ادئیگی جاری اور پلان کو نافذ العمل رکھتے ہوئے کسی بھی وقت جزوی دستبرداری کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ براہ مہربانی نوٹ کرلیں کہ یہ سہولت ایسی کسی دستبرداریوں کے بعد پلان میں بنیادی نقد رقم، کم از کم 40,000 روپے موجود ہونے سے مشروط ہے۔

## تکافل کے فوائد۔ باہمی تعاون کا ایسنس:

### ڈیتھ بینیفٹ:

حمایہ تکافل سیونگز پلان سے جب آپ کی ممبر شپ کا آغاز ہوگا تو آپ کو یقینی طور پر تکافل پروٹیکشن سے فائدہ حاصل ہوگا۔ یعنی ممبر شپ کی مدت کے دوران ناگہانی موت ہونے کی صورت میں تکافل بینیفٹ درج ذیل کے تحت قابلِ ادا ہوگا:

**سم ایٹ رسک کا مطلب زرتحفظ کی وہ رقم ہے جو کہ کیش ویلیو میں سے منہا کرنے کے بعد حاصل ہوتی ہے۔**

**اور**

**پارٹیسپنٹ کے انویسٹمنٹ اکاؤنٹ کی بیسک کیش ویلیو**

**اور**

**پارٹیسپنٹ کے انویسٹمنٹ اکاؤنٹ میں فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشنز سے کیش ویلیو**

### میچوریٹی بینیفٹ:

ممبر شپ مدت کے اختتام پر اور پارٹیسپنٹ کا حیات ہونے کی صورت میں میچوریٹی بینیفٹ درج ذیل کے تحت قابلِ ادا ہوگا:

**پارٹیسپنٹ کے انویسٹمنٹ اکاؤنٹ کی بیسک کیش ویلیو**

**اور**

**پارٹیسپنٹ کے انویسٹمنٹ اکاؤنٹ میں فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشنز سے کیش ویلیو (اس میں سے جو بھی زیادہ ہو)۔**

## اضافی فوائد:

### تکافل پروٹیکشن میں اضافہ کریں:

یہ پلان متعدد اضافی فوائد فراہم کرتا ہے جو اس سے منسلک ہوسکتے ہیں تاکہ تکافل پروٹیکشن میں اضافہ کیا جاسکے۔ یہ رائڈرز درج ذیل ہیں:

### ایڈیشنل ٹرم تکافل:

یہ رائڈر وفات ہونے کی صورت میں اضافی رقم فراہم کر کے تکافل کوریج کی سطح میں اضافہ کرتا ہے۔

### تکافل فیملی انکم بینیفٹ:

یہ رائڈر اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ پلان کی مدت کے دوران پارٹیسپنٹ کی ناگہانی موت کی صورت میں ماہانہ آمدنی فیملی کو ادا کی جاتی رہے۔

### تکافل ایکسیڈینٹل ڈیتھ بینیفٹ:*

یہ رائڈر حادثاتی موت کی صورت میں اضافی یکمشت رقم کا فائدہ فراہم کرتی ہے۔

### تکافل ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسیبلیٹی بینیفٹ:*

حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

### تکافل ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبلیٹی بینیفٹ پلس:*

پارٹیسپنٹ کی حادثاتی موت یا معذوری کی صورت میں (بشمول مستقل مکمل معذوری) یہ رائڈر اضافی یکمشت رقم کا فائدہ فراہم کرتا ہے۔

### ویور آف کنٹربیوشن:

بیماری یا حادثے کے باعث پارٹیسپنٹ کی معذوری کی صورت میں یہ رائڈر کنٹربیوشن کی ادائیگی چھوٹ کا فائدہ فراہم کرتا ہے۔

### لائف کیئر انہانسڈ بینیفٹ:

EFU لائف۔ WTO نے پاکستان میں مہلک امرض کی کوریج کا آغاز کیا ہے جو درج ذیل 20 شدید امراض کی تشخیص ہونے کی صورت میں رقم فراہم کرتا ہے:

- مائیوکارڈیئل انفارکشن (ہرٹ اٹیک)
- کورونری شریان/ بائے۔ پاس سرجری
- کینسر
- اسٹروک
- گردوں کا فیل ہوجانا
- اہم عضو کی ٹرانسپلانٹیشن
- فالج
- بینائی سے محرومی
- ملٹیپل سیکلیروسس
- بہرا پن (سماعت سے محرومی)
- بے ضرر دماغی رسولی
- قومہ
- ذہنی صدمہ
- ہاتھ/ پاؤں سے محرومی
- قوتِ گویائی سے محرومی
- دل کے والو کی سرجری
- اوورٹا (Aorta) کی سرجری
- کورونری شریان کا شدید مرض
- آخری اسٹیج پر پھیپھڑوں کا مرض
- اینجیو پلاسٹی اور کورونی شریان کے مرض کے لئے دیگر ضروری علاج

تکافل لائف کیئر کے اضافی فائدے کے ذریعے فراہم کی گئی انشورنس کی رقم جس طرح چاہیں آپ استعمال کرسکتے ہیں، مثلاً خصوصی نگہداشت یا علاج، ریگولر آمدنی کے لئے سرمایہ کاری، گھر یا کاروباری قرض کی ادائیگی۔
تکافل لائف کیئر اضافی بینیفٹ کے تحت انشورنس کی رقم اضافی ادائیگی کی تشخیص پر قابلِ ادا ہوگی۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اس بینیفٹ کے تحت آپ کو انشورنس کی رقم کی ادائیگی کے بعد بھی آپ کی بنیادی پالیسی جاری رہے گی۔ یہ بینیفٹ آپ کو 50 سال کی عمر تک دستیاب ہے اور اس کے لئے زیادہ سے زیادہ انشورنس کی رقم 750,000 روپے ہے۔

*نوٹ: 3 اضافی ایکسیڈینٹل بینیفٹس میں سے صرف 1 کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

## اہم تفصیلات:

### اہلیتِ عمر اور مدت:

یہ پروڈکٹ ہر اس فرد کے لئے دستیاب ہے جس کی عمر 18 تا 65 سال ہو۔ ممبر شپ کی کم از کم/ زیادہ سے زیادہ مدت درج ذیل کے تحت ہوگی:

| عمر کی اہلیت | ممبر شپ کی مدت |
|---|---|
| 18 تا 60 سال | 10 سے 40 سال۔ میچوریٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ 70 سال کی عمر سے مشروط |
| 61 سے 65 سال | 10 سال |

### کنٹری بیوشن:

کم سے کم سالانہ کنٹری بیوشن 40,000 روپے سالانہ ہے اور زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں ہے۔

### فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشنز:

پارٹیسپنٹ کی ملکیت میں اضافی فنڈز دستیاب ہونے کی صورت میں پلان ان فنڈز کی سرمایہ کاری کی سہولت فراہم کرتا ہے تاکہ بچت میں اضافہ ہوسکے۔ ان مجموعی کنٹری بیوشنز کو فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشنز کہا جاتا ہے جو ممبر شپ کے نفاذ کے دوران کسی بھی وقت ادا کئے جاسکتے ہیں۔ FAC میں موجود یونٹس PIA میں کریڈٹ کیے جائیں گے۔
FAC کی کم از کم ادائیگی 40,000 روپے فی ادائیگی ہوگی۔

*** فنڈ ایکسلریشن کنٹریبیوشن کا 100 فیصد یونٹس کی خریداری کے لیے مختص ہوگا**

## افراطِ زر سے تحفظ:

اس اختیار کے انتخاب کے ذریعے آپ کو تحفّظ اور ذہنی اطمینان رہتا ہے کہ آپ کو اس پلان سے حاصل فوائد آپ کی صحت سے قطع نظر، افراطِ زر کے استحکام کے لئے ہر سال از خود طور پر بڑھا دیا جاتا ہے۔

اس اختیار کے انتخاب کے ذریعے ہر سال آپ کے ہر کنٹری بیوشن کو سابقہ سال کے کنٹری بیوشن سے 5 فیصد بڑھا دیا جائے گا۔ اسی طرح، زرِ تکافل میں بھی اسی تناسب سے اضافہ ہو جائے گا۔

یہ بینیفٹ صرف 55 سال کی عمر تک دستیاب ہے، بشرطیکہ آپ کو ابتدائی طور پر اسٹینڈرڈ شرائط پر قبول کیا گیا ہو۔ آپ کسی بھی وقت اس اختیار سے دستبردار ہو سکتے ہیں لیکن اس کے بعد کیا جانے والا معاہدہ میڈیکل ثبوت سے مشروط ہوگا۔

## یونٹ ایلوکیشن:

| سال | یونٹ ایلوکیشن | ایلوکیشن کی چارجز* |
|---|---|---|
| 1 | 40 فیصد | 60 فیصد |
| 2 | 75 فیصد | 25 فیصد |
| 3 | 80 فیصد | 20 فیصد |
| 4 تا 5 | 100 فیصد | 0 فیصد |
| 6 تا 10 | 103 فیصد | 0 فیصد |
| 11 یا اس سے زائد سال | 105 فیصد | 0 فیصد |

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے کنٹریبیوشن / زرتکافل میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی۔

## میچوریٹی بونس:

میچوریٹی پر اگر تمام کنٹری بیوشن ادا کیا جا چکا ہو، تو ون۔ ٹائم میچوریٹی بونس اضافی یونٹ ایلوکیشن (ممبر شپ کی مدت پر منحصر) کی مد میں حتمی کیش ویلیو میں جمع کر دیا جائے گا۔

| سالانہ اوسط ریگولر کنٹری بیوشنز کی فیصد کی حیثیت سے بونس ایلوکیشن | ممبر شپ کی مدت |
|---|---|
| 15 تا 19 | 15 فیصد |
| 20 تا 24 | 20 فیصد |
| 25 تا 29 | 30 فیصد |
| 30 تا 34 | 40 فیصد |
| 35 تا 40 | 50 فیصد |

## اخراجات:

بیسک تکافل پلان پر درج ذیل اخراجات لاگو ہوں گے جو وکالۃ الاستثمار کی بنیاد پر ہیں:

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 2160 روپے سالانہ |
| بِڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ کنٹری بیوشن کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| ایلوکیشن چارج | اوپر دیئے گے ایلوکیشن ٹیبل کے مطابق |
| تکافل ڈونیشن (وقف ڈونیشن) | شریک تکافل کی عمر اور سم ایٹ رسک کے حساب سے ایکچوریل کی طرف سے مقرر کردہ رقم جو کہ شریک تکافل فنڈ میں ہر سال جمع کی جائیگی۔ البتہ جب کیش ویلیو سم کورڈ (ذرتحفظ) سے بڑھ جائے تو تکافل ڈونیشن کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی۔ |
| اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج | دو سال کے مکمل کنٹریبیوشن ادا کر دیئے جانے سے پہلے دستبرداری کی صورت میں کل نقد قدر کے 50 فیصد کے مساوی اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج کیا جائے گا۔ |

وقف فنڈ سے وکالہ فیس: تکافل عطیے کا 50 فیصد

## سم کورڈ:

سم کورڈ کا تعین سالانہ کنٹری بیوشن کی تعداد کو پروٹیکشن ملٹیپل سے ضرب دے کر کیا جائے گا۔ مجموعی رقم کی مختلف سطح پروٹیکشن ملٹیپل کی بنیاد پر ہوگی، جو درج ذیل بیان کیا گیا ہے:

| عمر کی اہلیت | پروٹیکشن ملٹیپل کم از کم | زیادہ سے زیادہ |
|---|---|---|
| 18 تا 35 سال | 5 | 75 |
| 36 تا 40 سال | 5 | 50 |
| 41 تا 49 سال | 5 | 35 |
| 50 تا 60 سال | 5 | 70(minus age) |
| 61 تا 65 سال | 5 | 5 |

15 سے زائد سالوں کے لئے

| عمر کی اہلیت | پروٹیکشن ملٹیپل کم از کم | زیادہ سے زیادہ |
|---|---|---|
| 18 تا 35 سال | 5 | 75 |
| 36 تا 40 سال | 5 | 50 |
| 41 تا 44 سال | 5 | 35 |
| 45 تا 49 سال | 5 | 20 |
| 50 تا 54 سال | 5 | 65(minus age) |

## انتباہ:

- اس پروڈکٹ کی ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز نے انڈر رائٹنگ کی ہے، چنانچہ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز انڈر رائٹنگ کے تمام خطرات کا ذمہ دار ہے۔
- تکافل ممبرشپس سے متعلق تمام دعووں، چارجز اور ادائیگیوں کی ترتیبات کی ذمہ داری صرف اور صرف ای ایف یو لائف پر لاگو ہوگی۔
- منتخب فنڈ میں سرمایہ کاری کا خطرہ شریکِ تکافل کو برداشت کرنا ہوگا۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل میں کارکردگی کی ضمانت ہو۔ اس حوالے سے کوئی بھی پیشنگوئی ضروری نہیں کہ مستقبل میں فنڈز کی کارکردگی ظاہر کرے اور ای ایف یو لائف ایسی کسی بھی ذمہ داری سے بری الذمہ ہے۔
- یہ معاہدہ کس طور کام کرتا ہے اس کی وضاحت پارٹیسپنٹ کے ممبر شپ دستاویزات میں کی گئی ہے۔
- براہ مہربانی فوائد کی ایک شخصی تشریح کے لئے ہمارے ہیڈ آفس یا تکافل کنسلٹنٹ سے رابطہ کیجئے۔

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

efu LIFE

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ای ایف یو حمایہ تکافل سیونگز پلان کی شرعی حیثیت

ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر ہونے کی حیثیت سے میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ حمایہ تکافل سیونگز پلان وقف اور وکالت کے اصول پر مبنی ہے۔

نیز میں نے مذکورہ اسکیم کے دستاویزی کاغذات، عملی تطبیق اور متعلقہ دیگر امور بشمول سرمایہ کاری کا بغور جائزہ لیا ہے اور بحمد اللہ میں نے ان تمام امور کو شریعت کے مطابق پایا ہے، لہذا میری رائے میں ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے پیش کردہ حمایہ تکافل سیونگز پلان کی رکنیت حاصل کرنا اور اس سے فوائد حاصل کرنا شرعا جائز ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم

مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ
شرعی مشیر۔ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز

مُفتی محمد ابراہیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز